| | | |
|---|---|---|
| پہلا سمسٹر I Semester | بی۔ایڈ (ریگولر) B.Ed Regular | دسمبر 2019 |

**پرچہ : اردو کی تدریس - I**

**Paper - 19BED111DST : Pedagogy of Urdu - I**

جملہ نشانات : **70** Maximum. Marks — Time : وقت : 3 Hrs گھنٹے

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دو سو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

---

## حصہ اول

**سوال : 1**

i- زبان کو " آوازوں اور لفظوں کا مجموعہ " کس نے کہا ہے؟

(a) پروفیسر غلام السیدین (b) احتشام حسین (c) مولانا آزاد (d) گوپی چند نارنگ

ii- درج ذیل میں زبان کی تین قسمیں کون ہیں؟

(a) اشاروں کی زبان، آوازوں کی زبان، نشانات کی زبان (b) اشاروں کی زبان، آوازوں کی زبان، علامتوں کی زبان

(c) آوازوں کی زبان، علامتوں کی زبان، حیوانوں کی زبان (d) اشاروں کی زبان، علامتوں کی زبان، پرندوں کی زبان

iii- الفاروق، المامون، موازنہ انیس و دبیر کس کی تصنیفات ہیں؟

(a) سرسید احمد خان (b) الطاف حسین حالی (c) شبلی نعمانی (d) ذکاءاللہ

iv- "اتنی بات ہر شخص جانتا ہے کہ ہماری اردو زبان برج بھاشا سے نکلی ہے اور برج بھاشا خالص ہندوستانی زبان ہے" یہ قول کس کا ہے؟

(a) محمد حسین آزاد (b) احتشام حسین (c) محمود شیرانی (d) پروفیسر مسعود حسین

v- " تدریس کی تشکیل و تنظیم طلبا کی عادات و اطوار میں تبدیلی کے لیے کی جاتی ہے۔" یہ قول کس کا ہے؟

(a) کلارک (b) سمپسن (c) رابنسن (d) موریسن

vi- درج ذیل میں کون سی طریقہ تدریس زیادہ طلبا مرکوز ہے؟

(a) استخراجی (b) استقرائی (c) بیانیہ (d) درج بالا سبھی

vii- بنجامین بلوم کے مطابق کردار کے پہلوؤں میں درج ذیل میں کون شامل نہیں ہے؟

(a) وقوفی (b) تاثراتی (c) نفسی حرکی (d) شخصیتی

P.T.O.

viii-	زبان کی مہارتوں کو سیکھنے کی فطری ترتیب کون سی ہے؟

(a) بولنا،سننا، پڑھنا،لکھنا	(b) بولنا،سننا، پڑھنا،لکھنا	(c) بولنا،سننا، پڑھنا،لکھنا	(d) سننا، بولنا، پڑھنا،لکھنا

ix-	جان فریڈرک ہر برٹ اپنے کس کام کے لیے مشہور ہیں؟

(a) خردتدریس	(b) تقویت کی مہارت	(c) منصوبہ سبق	(d) پیمائش وجانچ

x-	خردتدریس کا مرحلہ درج ذیل میں کون سا ہے؟

(a) منصوبہ،تدریس، بازرسی،مکررمنصوبہ،مکررتدریس،مکرر بازرسی	(b) منصوبہ، بازرسی،تدریس،مکررمنصوبہ،مکررتدریس،مکرر بازرسی

(c) تدریس،منصوبہ، بازرسی،مکررتدریس،مکررمنصوبہ،مکرر بازرسی	(d) مکررمنصوبہ،مکررتدریس،مکرر بازرسی،منصوبہ،تدریس، بازرسی

## حصہ دوم

2-	زبان کی خصوصیات بیان کیجیے۔

3-	بولی اور زبان کے درمیان فرق واضح کیجیے۔

4-	ہندوستان میں اردو زبان کا موجودہ مقام کیا ہے؟ بیان کیجیے۔

5-	ایک معیاری تدریس کی خصوصیات بیان کیجیے۔

6-	استقرائی طریقہ کار اور استخراجی طریقہ کار کے درمیان فرق واضح کیجیے۔

7-	زبان کی بنیادی مہارتوں سننا اور بولنا کے درمیان ربط کی وضاحت کیجیے۔

8-	ثانوی سطح پر اردو تدریس کے عمومی مقاصد بیان کیجیے۔

9-	خردتدریس کے مراحل بیان کیجیے۔

## حصہ سوم

10-	زبان سے کیا مراد ہے؟ بچوں کی ہمہ جہت شخصیت کی نشو ونما میں مادری زبان کی اہمیت واضح کیجیے۔	(3+7)

11-	اردو زبان کے آغاز وارتقاء سے متعلق محمود شیرانی اور پروفیسر مسعود حسین خان کے نظریات کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔	(5+5)

12-	پڑھنا اور لکھنا کی مہارتوں سے کیا مراد ہے؟ پڑھنا سکھانے کے تدریسی طریقے بیان کیجیے۔	(3+7)

13-	مختلف طریقہ تدریس کی فہرست بنائیے۔ثانوی سطح کے لیے کسی دو طریقہ تدریس کی وضاحت کیجیے۔	(5+5)

14-	درجہ سات کی اردو کی درسی کتاب سے اپنی پسند کے کسی موضوع پر تدریس کے لیے ایک مثالی منصوبہ سبق تیار کیجیے۔	(10)

☆☆☆